کیا عوامی فوائد استعمال کرنے سے میری ترک وطن کی حیثیت متاثر ہو گی؟

کیا ہو رہا ہے؟

کچھ لوگوں کو تشویش ہے کہ وفاقی حکومت "عوامی چارج" (public charge) کے اصول کو تبدیل کر دے گی، جس سے ریاست ہائے متحدہ امریکہ آنے والے بعض تارکین وطن، اگر وہ کسی قسم کے عوامی فوائد کے پروگرام استعمال کرتے ہیں، تو ان کے لیے گرین کارڈ حاصل کرنا مشکل ہو جائے گا۔ نوٹ: 2024 تک عوامی چارج کا اصول **تبدیل نہیں ہوا**۔

کیا یہ تبدیلی مجھے متاثر کرے گی؟

اگر عوامی چارج کا اصول تبدیل ہو جاتا ہے، تو تازہ ترین معلومات کے لیے **nyc.gov/publiccharge** ملاحظہ کریں۔ اگر اصول تبدیل ہو بھی جاتا ہے، تو یہ تمام تارکین وطن پر لاگو نہیں کیا جا سکے گا۔ مثال کے طور پر، عوامی چارج کے اصول کو ریاستہائے متحدہ کا صدر درج ذیل لوگوں پر لاگو کرنے کے لیے تبدیل نہیں کر سکتا:

- جو اسائلم کی درخواست دیتے ہیں
- جو مہاجرین ہیں
- نوجوان تارکین وطن (Special Immigrant Juvenile) کی خصوصی درجہ بندی کے متلاشی ہیں یا حاصل کر چکے ہیں
- جو U ویزا یا T ویزا کے متلاشی ہیں یا حاصل کر چکے ہیں
- جن کے پاس گرین کارڈ موجود ہے اور وہ ریاستہائے متحدہ کا شہری بننے کے لیے نیچرلائز کرنے کی کوشش کر رہے ہیں
- جو چھوٹ والے کسی دوسرے زمرے سے تعلق رکھتے ہیں

مجھے اب کیا کرنا چاہیے؟

آپ کو عوامی فوائد کے ایسے پروگراموں یا سٹی سروسز کا استعمال بند نہیں کرنا چاہیے جن کی آپ کو یا آپ کے خاندان کے افراد کو ضرورت ہے۔ آپ کو بغیر کسی خوف کے نگہداشت اور معاونت حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ اس وقت تک، عوامی چارج کے اصول تبدیل نہیں ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ، عوامی فوائد اور خدمات کے لیے کون اہل ہے، کے بارے میں اصولوں میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔

یاد رکھیں، نیویارک سٹی کے تمام رہائشیوں کو نیویارک سٹی بہت سی صحت کی دیکھ بھال اور سماجی خدمات بلا قیمت اور کم لاگت پر فراہم کرتا ہے۔ ان خدمات میں صحت کی ہنگامی اور غیر ہنگامی دیکھ بھال، بچوں اور کچھ بالغوں کے لیے صحت کا بیمہ، غذائی امداد، کرایہ داروں کا تحفظ، کارکنان کا تحفظ اور قانونی مدد شامل ہو سکتی ہے۔ آپ اپنی ترک وطن کی حیثیت، ادائیگی کرنے کی اہلیت، ملازمت کی حیثیت یا انگریزی بولنے کی قابلیت سے قطع نظر سٹی کی ان خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

عوامی فوائد کے پروگراموں یا سٹی سروسز کا استعمال بند کرنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے یا اگر آپ کے کوئی سوالات یا خدشات ہوں، تو براہ کرم مزید معلومات کے لیے سٹی کی ہاٹ لائن پر کال کریں۔ آپ نیویارک سٹی میئر کے آفس آف امیگرنٹ افیئرز کی امیگریشن لیگل سپورٹ ہاٹ لائن (Immigration Legal Support Hotline) کو 800-354-0365 پر پیر تا جمعہ صبح 9 تا شام 6 بجے تک کال کر سکتے ہیں یا مفت اور محفوظ قانونی مدد حاصل کرنے کے لیے **311** پر کال کر کے "public charge" کہہ سکتے ہیں۔ دونوں ہاٹ لائنز اور **311** پر ترجمانی کی خدمات دستیاب ہیں۔

NYC Health

NYC Department of Social Services

NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs